نو عمر افراد کے لئے کووڈ-19 ویکسینز

نو عمر افراد کی خدمت میں کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کے لئے اجازت کو سمجھنا

Vaccinate WA
CovidVaccineWA.org

محکمۂ صحت برائے ریاست واشنگٹن (Washington State Department of Health) کی تجویز ہے کہ 6 ماہ سال اور زائد عمر کے تمام افراد ویکسین لگوائیں۔اگرچہ ریاست واشنگٹن کے قانون کے تحت کئی اقسام کی اجازت دستیاب ہے، ویکسین کے اکثر فراہم کنندگان نو عمر افراد کو ویکسینز دینے کے لئے والدین/سرپرست کی اجازت کا تقاضا کرتے ہیں۔ یہاں پر قانون کے تحت جائز اجازت کی اقسام دی گئی ہیں اور بتایا گیا ہے کہ آپ کی تنظیم نو عمر افراد (خاص کر بے گھر نو عمر افراد) کو کووڈ-19 کی ویکسین لگوانے میں کیسے مدد دے سکتی ہے۔



نو عمر افراد اپنے لئے اجازت دے سکتے ہیں اگر:

- **وہ قانونی طور پر علیحدہ ہیں** ان کی عمر 16 سال یا زائد ہے اور انہوں نے اپنے والدین سے علیحدگی کی درخواست دائر کی جسے قبول کیا گیا۔
- **وہ قانونی طور پر علیحدہ اٹھارہ سال سے کم عمر شخص یا بالغ فرد سے شادی شدہ ہیں**
- **فراہم کنندہ تعین کرتا ہے کہ وہ** Mature Minor Doctrine (سمجھدار نو عمر افراد کا قاعدہ)** کے تحت **سمجھدار نو عمر فرد ہے۔**

وہ بالغ افراد جو نو عمر افراد کے لئے اجازت دے سکتے ہیں:

- والدین
- سرپرست یا قانونی کسٹوڈین
- گود لینے والے والد/والدہ یا دیگر شخص جسے گھر کے باہر تعینات کیے گئے بچے کے لئے طبی نگہداشت کی اجازت دینے کا حق حاصل ہو (مضمون 13.32 اے یا Revised Code of Washington 13.34 (واشنگٹن کا نظر ثانی شدہ کوڈ، RCW)
- ایسا شخص جسے ان کے لئے نگہداشت صحت کے فیصلے کرنے کی دستخط شدہ اجازت دی گئی ہو
- رشتہ دار جو ان کی نگہداشت صحت کا ذمہ دار ہو
- اسکول کی نرس، کونسلر یا بے گھر افراد کا ذمہ دار افسر (وفاقی McKinney-Vento Homeless Education Act کے تحت بے گھر تصور کیے جانے والے نوعمر فرد کے لئے)*

Mature Minor Doctrine کے متعلق مزید معلومات:

کچھ فراہم کنندگان "Mature Minor Doctrine" کے تحت نو عمر افراد کو قابل قبول اجازت دینے کا موقع دیتے ہیں، بشرطیکہ وہ طبی عمل کے نتائج کو سمجھنے اور قبول کرنے کے قابل ہوں۔

مریض کے سمجھدار نو عمر فرد ہونے کا تعین کرتے ہوئے فراہم کنندگان نو عمر فرد کی عمر، ذہانت، سمجھ بوجھ، تربیت، تجربے، معاشی خودمختاری یا اس کے فقدان، بطور بالغ فرد عمومی رویے اور والدین کے اختیار سے آزادی کا تعین کریں گے۔

McKinney-Vento استعمال کرتے ہوئے اجازت کے بارے میں مزید معلومات

ریاستی قانون کے تحت جو بے گھر بچے یا نو عمر افراد (جیسا کہ وفاقی McKinney-Vento homeless education act – صرف انگریزی میں وضاحت کی گئی) اپنے والدین یا سرپرست کی کسٹڈی میں نہیں ہیں، ان کے لئے اسکول کی نرسوں، اسکول کے کونسلرز اور بے گھر طلبہ کے ذمہ دار افراد کو ویکسینیشن کی اجازت دینے کا حق حاصل ہے۔

وسیلے کا لنک: National Center for Homeless Education،
بے گھر اور تنہا طلبہ کی تعلیم میں معاونت،
https://nche.ed.gov/wp-content/uploads/2018/10/youth.pdf - صرف انگریزی

فراہم کنندگان چند مختلف طریقوں سے اجازت قبول کرتے ہیں۔

- کچھ تحریری اور زبانی دونوں طرح سے اجازت کا تقاضا کرتے ہیں۔
- ان کے لئے اجازت دینے والے بالغ فرد کی جانب سے آمنے سامنے اجازت۔
- زبانی اجازت (فون پر یا آمنے سامنے)
- تحریری اجازت (فارم)

نو عمر فرد کو ویکسین لگوانے میں کیسے مدد دی جائے

- ☐ **Vaccine Locator (ویکسین تلاش کرنے کا ٹول) (vaccinelocator.doh.wa.gov) پر فلٹر کرنے کے آپشن استعمال کریں یا فراہم کنندہ کو کال کر کے جانیں کہ وہ کس قسم کی اجازت قبول کرتے ہیں۔** Vaccine Locator پر موجود نو عمر افراد کے استعمال میں آسان فلٹر کرنے کے آپشنز آپ کو اور نوعمر فرد کو ایسا مقام تلاش کرنے میں مدد دیں گے جو ایسی اجازت قبول کرتا ہو جو نوعمر فرد مہیا کر سکتا ہے۔ اپائنٹمنٹ کی تیاری کے متعلق تراکیب کے لئے ذیل میں "نوعمر فرد کو اس قسم کی اجازت کی تیاری میں مدد دیں جو اسے فراہم کرنے کی ضرورت ہے" دیکھیں۔
- ☐ **ویکسین کے ایسے مقامات تلاش کریں جو کسی بھی وقت آنے والے افراد کو قبول کرتے ہوں یا کال پر اپائنٹمنٹ لیں۔** اکثر فراہم کنندگان آن لائن اپائنٹمنٹ دینے کے لئے والدین یا سرپرست کی اجازت کی درخواست کرتے ہیں۔
- ☐ **اجازت کے متعلق اسکولوں سے رابطہ کریں۔** اگر آپ جس نوعمر کے ساتھ کام کر رہے ہیں، وہ McKinney-Vento کا معیار پورا کرتا ہے (مزید معلومات کے لئے اگلا حصہ دیکھیے)، تو آپ اجازت لینے کے لئے اسکول کی نرس، اسکول کے کونسلر یا بےگھر طالب علم کے ذمہ دار فرد سے بات کر سکتے ہیں۔ کچھ فراہم کنندگان تقاضا کرتے ہیں کہ ویکسینیشن کے وقت کوئی بالغ موجود ہو۔ اسکول کے عملے سے قبل از وقت تصدیق یا تعاون کر کے فیصلہ کریں کہ طالب علم کی اپائنٹمنٹ پر کون اس کے ساتھ آ سکے گا۔
- ☐ اپنے موبائل ویکسین ایونٹ کی میزبانی کریں یا نوعمر کو موجودہ کلینک بھیجیں۔
  - ☐ Care-A-Van ایونٹ کی درخواست کریں – صرف انگریزی۔ WA State Department of Health Care-A-Van (doh.wa.gov/CareAVan) آپ کے لئے ویکسینز لا سکتی ہے۔ اہل میزبان کمیونٹی تنظیموں کے لئے فنڈنگ دستیاب ہے۔ Care-A-Van دستاویز کے اگلے حصے میں درج اجازت کی تمام اشکال کو قبول کرتی ہے، جس میں سمجھدار نو عمر افراد کی اجازت شامل ہے۔
- ☐ **نو عمر افراد کو جس قسم کی اجازت فراہم کرنے کی ضرورت ہے، اس کی تیاری میں ان کی مدد کریں:**
  - ☐ اگر نو عمر فرد کی اپائنٹمنٹ پر کسی بالغ فرد کی موجودگی کی ضرورت ہے تو ان سے بات کریں۔
  - ☐ اگر فراہم کنندہ تحریری اجازت قبول کرتا ہے تو نو عمر فرد کو فارم پرنٹ اور دستخط کروانے میں مدد دیں۔
  - ☐ اگر وہ والدین سے علیحدہ ہوئے نو عمر فرد ہیں یا والدین سے علیحدہ نو عمر فرد یا بالغ شخص سے شادی شدہ ہیں تو انہیں مناسب دستاویزات جمع کرنے میں مدد دیں۔
  - ☐ اگر آپ McKinney-Vento استعمال کرتے ہوئے اجازت حاصل کر رہے ہیں اور آپ کو فکر ہے کہ فراہم کنندہ سوالات کرے گا تو آپ معلومات پر مبنی اجازت کے قانون کی نقل ساتھ لا سکتے ہیں: Revised Code of Washington (RCW، واشنگٹن کا نظر ثانی شدہ کوڈ) 7.70.065- صرف انگریزی اور اسکولوں کے لئے مخصوص حصے کو ہائی لائٹ کریں۔ (قانون کا لنک: https://app.leg.wa.gov/RCW/default.aspx?cite=7.70.065)
  - ☐ اگر وہ Mature Minor Doctrine کے ذریعے اجازت حاصل کر رہے ہیں تو انہیں اپنے والدین سے خودمختار ہونے کی دستاویز اور معلومات تیار کرنے میں مدد دیں۔ تمام فراہم کنندگان اس کا تقاضا نہیں کرتے لیکن اس سے مدد مل سکتی ہے۔ کچھ فراہم کنندگان اپنے مقام پر سمجھدار نو عمر افراد کا تعین نہیں کرتے لیکن سابقہ فراہم کنندگان کی جانب سے سمجھدار نو عمر افراد کا تعین قبول کرتے ہیں۔

اس دستاویز کی کسی اور شکل میں درخواست کرنے کے لئے 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین براہ کرم 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔